## سوال

(244)اراضی کی تقسیم

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سمندانامی ایک شخص 658کنال اراضی چھوڑ کر فوت ہوا،اسکے تین بیٹے اسماعیل ،جعفر ،بہاول اورایک بیٹی بھڑی زندہ تھے ۔ان میں اسماعیل اپنی ایک بیٹی بھاگے بی بی چھوڑکر فوت ہوگیا ۔اسی طرح جعفر اور بھڑی بھی لاولد فوت ہوگئے ، نیز بہاول بھی اپنی پانچ بیٹیاں بشیراں ،نذیراں ،رسولاں اورفاطمہ اوربی بی چھوڑکر فوت ہوگیا ۔سمندا کی زمین تقسیم نہ ہوئی ،اس پر بہاول کی پانچوں بیٹیاں قابض ہیں جبکہ اسماعیل کی بیٹی بھاگے بی بی ابھی تک محروم ہے ،انہیں سمندا کی متروکہ جائیداد سے کیاملے گا ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مذکورہ سوال میں خاصاابہام ہے ۔اس میں اسماعیل کی وفات کے وقت صرف اس کی بیٹی بھاگے بی بی کوزندہ ظاہر کیاگیاہے جبکہ اس کے دوسرے بھائیوں اورایک بہن کے متعلق نہیں بتایا گیاکہ وہ اس کی وفات کے وقت زندہ تھے یا فوت ہوچکے تھے ۔اسی طرح جعفر اور بھڑی کی وفات کے وقت کون کون زندہ تھے ۔انکے متعلق بھی وضاحت نہیں کی گئی ،وراثت کے مسائل اس قسم کی تفصیل کے بغیر حل نہیں ہوتے ،ظاہر صورت حال کے پیش نظر مسئلہ کا حل حسب ذیل ہے :

اولاً : سمندا کی جائیداد کواس کی اولاد میں اس طرح تقسیم کیا جائے گا کہ اس کے ایک لڑکے کواس کی لڑکی سے دوگنا حصہ ملے ،یعنی اس کی جائیداد کے سات حصے کرلئے جائیں دو،دوحصے فی لڑکا اورایک حصہ لڑکی کودے دیاجائے ۔658کنال میں سے 188کنال فی لڑکا اور94کنال لڑکی کودیا جائے گا ۔

ثانیاً : اسماعیل جب فوت ہواتواس کی وارث صرف اس کی لڑکی بھاگے بی بی کوظاہر کیاگیا ہے ۔لہٰذااسماعیل کواپنے باپ سےملنے والاحصہ 188کنال اس کی لڑکی بھاگے بی بی کومنتقل ہوجائے گا ،اسی طرح بہاول کواپنے باپ سےملنے والاحصہ 188کنال اس کی پانچ لڑکیوں کومل جائے گا ۔

ثالثاً :جعفراوراس کی بہن بھڑی جولاولد فوت ہوئے ہیں ان کاحصہ 282=94+188کنال بھی ان کی بھتیجیوں کوذوی الارحام کی حیثیت سےملے گا ،یعنی دونوں کے حصہ کواسماعیل کی بیٹی اوربہاول کی پانچ بیٹیوں میں برابر تقسیم کردیاجائے ۔اس طرح ہر لڑکی کو47کنال حصہ ملے گا اب حصص کی تفصیل اس طرح ہوگی :

بھاگے بی بی کوباپ سےملنے والاحصہ    :188 کنال

بھاگے بی بی کواپنےچچا اورپھوپھی سےملنے والاحصہ    :47 کنال

میزان :235 کنال

بہاول کی پانچ بیٹیوں کو باپ سے ملنے سے والا حصہ :188 کنال

بہاول کی پانچ بیٹیوں کو اپنے چچا اور پھوپھی سے ملنے والا حصہ :235 کنال

میزان :423 کنال

بہاول کی ہر لڑکی کو ملنے والا حصہ :84.60=5/423 کنال یا 84 کنال 4 مرلے ، [واللہ اعلم]

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

## فتاویٰ اصحاب الحدیث

**جلد:2 صفحہ:269**